www.sgbauonline.com

**AU–2058**

# B.A. (Part—I) Semester—II Examination
## (Compulsory Language)
## URDU

Time : Three Hours] [Maximum Marks : 80

سوال نمبر۱۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے چار کے جوابات لکھئے۔ 16

۱۔ تہذیب کے قدیم مراکز کون سے ہیں؟

۲۔ شاہ ہمورابی کے عہد میں عورتوں کو کون سے حقوق حاصل تھے؟

۳۔ کمپیوٹر کے کارنامے بیان کیجئے۔

۴۔ کمپیوٹر کے وجود میں آنے کے اسباب بیان کیجئے۔

۵۔ کمپیوٹر کی ایجاد میں جوزف میری جیکرڈ نے کیا کارنامہ انجام دیا؟

۶۔ غازی الدین نے عزیزالدین عالم ثانی کو کیوں قتل کروایا؟

۷۔ قلعہ معلیٰ میں سلونو تہوار کس طرح منایا جاتا تھا؟

۸۔ اٹھارہ سو ستاون ۱۸۵۷ء کے بعد دلّی میں کس طرح کایا پلٹ ہوئی؟

سوال نمبر۲۔ مندرجہ ذیل میں سے چار بندوں کی مع حوالہ تشریح کیجئے۔ 16

۱۔ پھولوں کا کنج دلکش بھارت میں اک بنائیں
حبّ وطن کے پودے اس میں نئے لگائیں
پھولوں میں جس چمن کے ہو بوئے جاںنثاری
حبّ وطن کی قلمیں ہم اس چمن میں لائیں
خون جگر سے سینچے ہر نخلِ آرزو کو
اشکوں سے بیل بوٹوں کی آبرو بڑھائیں



www.sgbauonline.com

www.sgbauonline.com

۲۔ اس کنج دل نشیں میں قبضہ نہ ہو خزاں کا
جو ہو گلوں کا تختہ تختہ ہو اک جہاں کا
بلبل کو ہو چمن میں صیاد کا نہ کھٹکا
خوش خوش ہو شاخ گل پر غم ہو نہ آشیاں کا
حب وطن کا مل کر سب ایک راگ گائیں
لہجہ جدا ہو گرچہ مرغانِ نغمہ خواہاں کا

۳۔ بہت لطیف ہے اے دوست تیغ کا بوسہ
یہی ہے جان جہاں اس میں آب پیدا کر
تیرے قدم پہ نظر آئے محفل انجم
وہ بانکپن وہ اچھوتا شباب پیدا کر
تیرا شباب امانت ہے ساری دنیا کی
تو خار زار جہاں میں گلاب پیدا کر

۴۔ گرادے قصہ تمدّن کہ اک فریب ہے یہ
اٹھادے رسم محبت، عذاب پیدا کر
جو ہوسکے تو ہمیں پامال کرکے آگے بڑھ
نہ ہوسکے تو ہمارا جواب پیدا کر
بنجر زمین پہ جو میرا لہو تو غم مت کر
اسی زمین سے مہکتے گلاب پیدا کر



www.sgbauonline.com

www.sgbauonline.com

۵۔ یہ تو ممکن نہیں بچپن کا کوئی دن مل جائے
یا پلٹ آئے کوئی ساعت نایاب شباب
پھوٹ نکلے کسی افسردہ تبسم سے کرن
یا دہک اٹھے کسی دست بریدہ کسی میں گلاب
آہ! پتھر کی لکیریں ہیں کہ کاغذ کے نقوش
کون لکھ سکتا ہے پھر عمر گذشتہ کی کتاب

۶۔ دیکھتی پھرتی ہے ایک ایک کا منہ خاموشی
جانے کیا بات ہے ؟ شرمندہ ہے انداز خطاب
در بدر ٹھوکریں کھاتے ہوئے پھرتے ہیں سوال
اورمجرم کی طرح ان سے گریزاں ہے جواب
سرکشی ! پھر میں تجھے آج صدا دیتا ہوں
میں تیرا شاعر آوارہ و بے باک و خراب

16 سوال نمبر۳۔ مندرجہ ذیل میں سے چار سوالوں کے مختصر جواب دیجئے۔

۱۔ مخلوط زبان وجود میں آنے کے اسباب بیان کیجئے۔

۲۔ مترادف الفاظ ادیب اور شاعر کے لئے کیا اہمیت رکھتے ہیں؟

۳۔ ملک گیری کی تیسری قسم کون سی ہیں؟

۴۔ پرہیز اور غذا سے علاج کرنے والوں کے بارے میں مصنف کا کیا کہنا ہے؟

۵۔ 'پڑیئے اگر بیمار' اس سبق میں مشتاق احمد یوسفی مزاج پرسی کرنے والوں سے کیوں بیزار ہے؟

۶۔ صرف دوران علالت ملاقات کے لئے آنے والے بزرگ کس طرح مزاج پرسی کرتے ہیں؟



www.sgbauonline.com

www.sgbauonline.com

سوال نمبر۴۔ مندرجہ ذیل سے کسی ایک سوال کا جواب مفصل لکھئے۔ 16

۱۔ وحیدالدین سلیم سے مصنف کی پہلی ملاقات کا حال لکھئے۔

۲۔ وحیدالدین سلیم کے گھر اور عادت واطوار کے بارے میں معلومات دیجئے۔

سوال نمبر۵۔ (الف) کسی ایک عنوان پر مضمون لکھئے۔ 8

۱۔ صفائی مہم اور طلباء کی ذمہ داری

۲۔ انٹرنیٹ کے فوائد

(ب) مندرجہ ذیل پیراگراف کا بامحاورہ ترجمہ لکھئے۔ 8

Panjabrao Deshmukh was born at Papal, a small village in Amravati district on 27th December 1897. He was popularly known as Bhau-Saheb. He belonged to the galaxy of the great workers like Mahatma Phule, Shahu Maharaj and Dr. Ambedkar. He spent his life working for the uplift of farmers. His life was a dedicated, devoted life and so it was an ideal life. He stablished Shri Shivaji education society and opened schools and colleges all over Vidarbha.



www.sgbauonline.com